# Barnebøker for Norge

barneboker.no

## انانسی اور عقل


Skrevet av: Ghanaian folktale
Illustret av: Wiehan de Jager
Oversatt av: Samrina Sana


Denne fortellingen kommer fra African Storybook (africanstorybook.org) og er videreformidlet av Barnebøker for Norge (barneboker.no), som tilbyr barnebøker på mange språk som snakkes i Norge.


Dette verket er lisensiert under en Creative Commons
Navngivelse 3.0 Internasjonal Lisens.
https://creativecommons.org/licenses/by/3.0/deed.no


# انانسی اور عقل

Ghanaian folktale
Wiehan de Jager
Samrina Sana

urdu
nivå 3

کافی عرصہ پہلے لوگوں کو کچھ معلوم نہیں ہوتا تھا۔ اُنہیں نہیں پتہ تھا کہ پودے کیسے لگا نے ہیں اور کپڑے کیسے بُننے ہیں اور لو ہے کے اوزار کیسے بنا نے ہیں۔ اور خدا نیا مے جو کہ آسمان پر موجود ہے ساری دُنیا کی عقل رکھتا ہے۔ اُس نے ا سے مٹی کے ایک برتن میں سنبھال رکھا تھا۔

وہ زمین پر گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ اب عقل سب میں بانٹنے کے لیے آزادی تھی۔ اور اسطرح لوگوں نے پودے لگانا، کپڑے بُننا، لو ہے کے اوزار بنانا اور باقی تمام چیزیں کرنا سیکھیں۔

ایک دن نیامے نے فیصلہ کیا کہ وہ یہ مٹی کا برتن انانسی کو دیدے۔ انانسی ہر بار اُس مٹی کے برتن میں دیکھتا اور کچھ نیا سیکھتا۔ یہ بہت دلچسپ تھا۔

اُسے وقت نہیں لگا اور وہ درخت کی چوٹی پر پہنچ گیا۔ لیکن پھر وہ رکا اور اُس نے سوچا میں اکیلا ساری عقل کا مالک ہوں لیکن نیچے کھڑا میرا بیٹا مجھ سے زیادہ عقل مند ہے۔ انانسی اس بات سے اتنا خفا ہوا کہ اُس نے مٹی کا برتن درخت سے نیچے گرا دیا۔

لالچی انانسی نے سوچا کہ میں یہ مٹی کا برتن ایک لمبے
درخت کی چوٹی پر محفوظ رکھوں گا۔ تب یہ سب کچھ میرا ہو گا۔
اُس نے ایک لمبی رسی بُنی اور مٹی کے برتن کے ارد
گرد اور اپنی کمر پر باندھ دی اور وہ درخت پر چڑھنے لگا لیکن
درخت پر چڑھائی کرنا کافی مشکل تھا کیونکہ مٹی کا برتن بار بار
اُس کے گُھٹنوں سے ٹکرا رہا تھا۔

سارا وقت انانسی کا چھوٹا بیٹا درخت کے نیچے کھڑے یہ
سب دیکھتا اور کہتا۔ کیا یہ سب آسان نہیں ہو گا اگر آپ
اس مٹی کے برتن کو اپنی کمر سے باندھ لیں؟ انانسی
نے عقل سے بھرے اُس مٹی کے برتن کو اپنی کمر
سے باندھنے کی کوشش کی اور یہ سب بہت آسان تھا۔